## فاروق ستاراورڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کی واشنگٹن میں اٹلانٹک کونسل کے عشائیے میں شرکت

## عشائیہ تقریب میں سابق امریکی صدر بل کلنٹن اور دنیا کے سات ممالک کے سربراہان نے بھی شرکت کی

واشنگٹن۔۔۔2،مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ایک وفد نے واشنگٹن میں اٹلانٹک کونسل کے عشائیہ میں شرکت کی ۔ وفد میں ایم کیوایم کے ڈپٹی کنوینز اور حق پرست وفاقی وزیر ڈاکٹر فاروق ستار اور سابق وفاقی وزیر اور ایم کیوایم نارتھ امریکہ کے نگران اعلیٰ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی شامل تھے ۔ڈاکٹر فاروق ستار اٹلانٹک کونسل کی خصوصی دعوت پر اس عشائیے میں شرکت کیلئے ان دنوں امریکہ کے دورے پر ہیں ۔ اس عشائیے میں دنیا کے سات سربراہان مملکت ، متعدد سابق سربراہان مملکت ، وزرائے خارجہ ، سفارتکار ، سینیٹرز ، اور امریکی عمائدین اور دنیائے موسیقی کے مشہور بینڈ U2 کے سٹیو بونو (Steve Bono) کے علاوہ امریکہ کے سابق صدر بل کلنٹن نے بھی شرکت کی ۔ دریں اثناء ایم کیوایم کے وفد نے عالمی رہنماؤں ، امریکی عمائدین ، اور سفارتکاروں کے ساتھ ساتھ امریکہ میں تھنک ٹینک کے سربراہان اور ارکان سے بھی ملاقاتیں کیں اور انہیں دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کے کردار اور انتہاء پسندی کے خلاف ایم کیوایم کی کاوشوں سے بھی آگاہ کیا۔

## سابق سٹی ناظم کراچی سید مصطفےٰ کمال کی واشنگٹن میں امور خارجہ اور نیشنل سیکوریٹی کے بارے میں امریکی کانگریس کی سب کمیٹی کے چیئر مین جون ٹائرنی اور کانگریس مین جیف فلیک سے ملاقات

## دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کے کردار، جغرافیائی سیاسی صورتحال اور پاکستان کے مجموعی حالات پر تبادلہ خیال

## دہشت گردی کے خلاف جنگ محض فوجی طاقت کے استعمال سے نہیں جیتی جاسکتی ، مصطفےٰ کمال

## امریکہ کو چاہیے کہ وہ افغانستان اور پاکستان میں سیاسی ومعاشی استحکام اور غربت وپسماندگی کو دور کرنے کیلئے سوشل سیکٹر میں بھی دونوں ملکوں کی ہر ممکن مدد کرے۔مصطفےٰ کمال

## کانگریس کی سب کمیٹی کے چیئر مین جون ٹائرنی اور کانگریس مین جیف فلیک کی جانب سے پاکستان میں مذہبی رواداری کے فروغ ، ملک کو صحیح جمہوری خطوط پر استوار کرنے اور نچلے طبقہ کیلئے ایم کیوایم کی جدوجہد کی تعریف

## کراچی کی سابقہ شہری حکومت گڈ گورننس کی بہترین مثال ہے۔جون ٹائرنی

واشنگٹن۔۔۔2 مئی2010ء

سابق سٹی ناظم کراچی اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید مصطفےٰ کمال نے واشنگٹن میں امور خارجہ اور نیشنل سیکوریٹی کے بارے میں امریکی کانگریس کی سب کمیٹی کے چیئر مین جون ٹائرنی ( John Tierney ) اور کانگریس مین جیف فلیک ( Jeff Flake ) سے ملاقات کی ۔حکمراں ڈیموکریٹک پارٹی سے تعلق رکھنے والے اراکین کانگریس سے ہونیوالی اس ملاقات میں دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں پاکستان کے کردار، جغرافیائی سیاسی صورتحال اور پاکستان کے مجموعی حالات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے مصطفےٰ کمال نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ محض فوجی طاقت کے استعمال سے نہیں جیتی جاسکتی ، امریکہ کو چاہیے کہ وہ افغانستان اور پاکستان میں سیاسی ومعاشی استحکام اور غربت وپسماندگی کو دور کرنے کیلئے سوشل سیکٹر میں بھی دونوں ملکوں کی ہر ممکن مدد کرے ۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے معاشی استحکام کیلئے امریکہ کو چاہیے کہ وہ پاکستانی مصنوعات کیلئے امریکی منڈیوں تک رسائی دے اور تجارت کو فروغ دینے میں پاکستان کی مدد کرے ۔مصطفےٰ کمال نے کانگریس کے اراکین کو پاکستان میں ایک لبرل اور صحیح جمہوری نظام کے قیام کیلئے ایم کیوایم کی جدوجہد اور اس کے کردار پر بھی تفصیلی روشنی ڈالی ۔ کانگریس کی سب کمیٹی کے چیئر مین جون ٹائرنی اور کانگریس مین جیف فلیک نے پاکستان کو صحیح جمہوری خطوط پر استوار کرنے ، ملک میں مذہبی رواداری اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ اور نچلے طبقہ کیلئے ایم کیوایم کی جدوجہد کو سراہا اور کراچی کی سابقہ شہری حکومت کو گڈ گورننس کی بہترین مثال قرار دیا۔

## فیصل آباد کے تھانے میں خاتون کوتشدد کا نشانہ بنانے کا واقعہ انتہائی شرمناک ہے، رابطہ کمیٹی
## پنجاب میں فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے باعث خواتین پرتشدد کے واقعات روزمرہ کا معمول بن چکے ہیں
## گورنر پنجاب اوروزیراعلیٰ پنجاب خاتون پرتشدد کے واقعہ کا فوری نوٹس لیں

کراچی ۔۔۔2مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے فیصل آباد کے سول لائن تھانے میں ایک خاتون عابدہ حمید کو وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پولیس افسران کی موجودگی میں سرکاری اہلکاروں کا خاتون پر وحشیانہ تشدد انتہائی شرمناک اور افسوسناک ہے اوراس واقعہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ پنجاب میں فرسودہ جاگیردارانہ نظام تھانہ کلچر کے باعث غریب عوام بالخصوص خواتین پرتشدد کے واقعات روزمرہ کا معمول بن چکے ہیں اورکوئی بھی مہذب معاشرہ خواتین پر بہیمانہ تشدد کی اجازت نہیں دے سکتا۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کچھ عرصہ قبل فیصل آباد میں پولیس اہلکاروں کی جانب سے صحافیوں کوتشدد کا نشانہ بنایا گیااوراب تھانے میں خاتون کو بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنایا گیا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے گورنر پنجاب سلمان تاثیراوروزیراعلیٰ پنجاب میاں شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ فیصل آباد کے سول لائن تھانے میں خاتون کو وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنانے کے واقعہ کا فوری نوٹس لیا جائے اوراس کے ذمہ دارعناصر کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔

## ہم حق گواہل قلم اورصحافیوں کی اس وطن کی مٹی سے وابستگی،قربانیوں،حق گوئی وبیباکی اورسچائی کوخراج تحسین پیش کرتے ہیں
## اوراس قلمی جہاد میں جہاں کہیں بھی صحافیوں کے ساتھ ظلم ہوہم اس ظلم کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ڈاکٹر افتخار حسین بخاری

لاہور۔۔۔2مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے لاہور زونل سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر افتخار حسین بخاری نے کہا ہے کہ پی یو جے کی جانب سے قلم قافلے کے لانگ مارچ کا لاہور میں ایم کیوایم کی جانب سے خیر مقدم کیا جائے گا،انہوں نے کہا کہ ہم حق گواہل قلم اورصحافیوں کی اس وطن کی مٹی سے وابستگی،قربانیوں،حق گوئی وبیباکی اورسچائی کوخراج تحسین پیش کرتے ہیں اوراس قلمی جہاد میں جہاں کہیں بھی صحافیوں کے ساتھ ظلم ہوہم اس ظلم کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ڈاکٹر افتخار حسین بخاری نے مزید کہا کہ آج نہ صرف پاکستان بلکہ دینا بھر میں ظلم اور ناانصافی کے سامنے سب سے بڑی دیوار میڈیا ہے جونہ صرف ظلم کے ہاتھوں کوروک کر انصاف کی راہ کو ہموار کررہا ہے بلکہ انسانوں کے عمومی شعور کو اجاگر کرنے میں بھی اہم کردار ادا کررہا ہے۔اسلام آباد سے شروع ہوکر لاہوراختتام پذیر ہونے والے صحافیوں کے لانگ مارچ کے خیر مقدمی کیمپ میں قائدتحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر رکن قومی اسمبلی وسیم اختر لاہور زون کے ساتھیوں کے ساتھ شریک ہونگے۔

☆☆☆☆☆